The Common Grade Scale for Preliminary Courses

NSW GOVERNMENT | Education Public Schools

# ابتدائی کورسز کیلئے کامن گریڈ سکیل

نیچے دیا گیا کامن گریڈ سکیل تمام NSW سکولوں میں ابتدائی سٹیج 6 کے سال (Preliminary Stage 6 year) میں طالبعلموں کی کامیابی کی سطح رپورٹ کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

کامن گریڈ سکیل گریڈز کی پانچوں سطحوں پر کارکردگی واضح کرتا ہے۔

| گریڈ | ابتدائی کورسز کیلئے کامن گریڈ سکیل |
|---|---|
| A | طالبعلم کورس کے مواد کا وسیع علم اور کورس کے تصوّرات کی فہم رکھنے کا مظاہرہ کرتا ہے اور بہت سے مختلف قسموں کے سیاق و سباق میں نہایت اعلیٰ مہارتیں اور طریقے استعمال کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طالبعلم ادراکی تجزیے اور جانچ کے ذریعے تخلیقی اور تنقیدی سوچ کی صلاحیت رکھنے کا مظاہرہ کرتا ہے۔ طالبعلم پیچیدہ خیالات اور معلومات کو مؤثر طور پر بیان کرتا ہے۔ |
| B | طالبعلم کورس کے مواد کا تفصیلی علم اور کورس کے تصوّرات کی فہم رکھنے کا مظاہرہ کرتا ہے اور بہت سی مختلف قسموں کے سیاق و سباق میں اعلیٰ مہارتیں اور طریقے استعمال کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طالبعلم تجزیے اور جانچ کے ذریعے تخلیقی اور تنقیدی سوچ کی صلاحیت رکھنے کا مظاہرہ کرتا ہے۔ طالبعلم پیچیدہ خیالات اور معلومات کو واضح طور پر بیان کرتا ہے۔ |
| C | طالبعلم کورس کے مواد کا ٹھوس علم اور کورس کے تصوّرات کی فہم رکھنے کا مظاہرہ کرتا ہے اور کئی جانی پہچانی قسموں کے سیاق و سباق میں مہارتیں اور طریقے استعمال کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طالبعلم معلومات منتخب اور یکجا کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرتا ہے اور متعلقہ خیالات کو مناسب انداز میں بیان کرتا ہے۔ |
| D | طالبعلم کورس کے مواد کا بنیادی علم اور کورس کے تصوّرات کی فہم رکھنے کا مظاہرہ کرتا ہے اور کچھ جانی پہچانی قسموں کے سیاق و سباق میں مہارتیں اور طریقے استعمال کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طالبعلم معلومات منتخب اور استعمال کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرتا ہے اور خیالات کو بیانیہ انداز میں پیش کرتا ہے۔ |
| E | طالبعلم کورس کے مواد کا ابتدائی علم اور کورس کے تصوّرات کی فہم رکھنے کا مظاہرہ کرتا ہے اور رہنمائی مہیا کیے جانے پر کچھ مہارتیں اور طریقے استعمال کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طالبعلم معلومات دہرانے اور خیالات بیان کرنے کی ابتدائی صلاحیت رکھنے کا مظاہرہ کرتا ہے۔ |

| Grade | Common Grade Scale for Preliminary Courses |
|---|---|
| A | The student demonstrates extensive knowledge of content and understanding of course concepts, and applies highly developed skills and processes in a wide variety of contexts. In addition the student demonstrates creative and critical thinking skills using perceptive analysis and evaluation. The student effectively communicates complex ideas and information. |
| B | The student demonstrates thorough knowledge of content and understanding of course concepts, and applies well-developed skills and processes in a variety of contexts. In addition the student demonstrates creative and critical thinking skills using analysis and evaluation. The student clearly communicates complex ideas and information. |
| C | The student demonstrates sound knowledge of content and understanding of course concepts, and applies skills and processes in a range of familiar contexts. In addition the student demonstrates skills in selecting and integrating information and communicates relevant ideas in an appropriate manner. |
| D | The student demonstrates a basic knowledge of content and understanding of course concepts, and applies skills and processes in some familiar contexts. In addition the student demonstrates skills in selecting and using information and communicates ideas in a descriptive manner. |
| E | The student demonstrates an elementary knowledge of content and understanding of course concepts, and applies some skills and processes with guidance. In addition the student demonstrates elementary skills in recounting information and communicating ideas. |